Roll No. [ ] [ ] [ ] [ ] [ ] [ ]      Answer Sheet No.____________

Sig. of Candidate ____________      Sig. of Invigilator.____________

# اُردو سلیس ایس ایس سی-II

وقت: 20 منٹ — حصہ اوّل (کُل نمبر:15)

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر ۱: الف:** درج ذیل قواعد کی رُو سے کیا ہیں؟ دیے گئے الفاظ یعنی الف/ب/ج/د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ (5x1=5)

(i) ''پڑھنا''
الف۔ اسم معرفہ　ب۔ اسم مشتق　ج۔ اسم مصدر　د۔ اسم جامد

(ii) '' لیبیا ''
الف۔ اسم ضمیر　ب۔ اسم معرفہ　ج۔ اسم مصدر　د۔ اسم نکرہ

(iii) '' بہادر یار جنگ''
الف۔ کنیت　ب۔ عرف　ج۔ لقب　د۔ خطاب

(iv) '' پگڑی ''
الف۔ اسم ظرف　ب۔ اسم آلہ　ج۔ اسم صوت　د۔ اسم تصغیر

(v) '' خیر و خوشی ''
الف۔ مرکب عطفی　ب۔ مرکب جاری　ج۔ مرکب اضافی　د۔ مرکب اشاری

**ب:** دیے گئے الفاظ یعنی الف/ب/ج/د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ (10x1=10)

(i) جس تعلیم کو لے کر ہمارے حضورؐ بھیجے گئے اس کا نام ________ تھا۔
الف۔ مذہب　ب۔ دین　ج۔ اسلام　د۔ مت

(ii) سبق '' اردو زبان کی کہانی '' کے مصنف کون ہیں؟
الف۔ سرسیّد احمد خاں　ب۔ خواجہ حسن نظامی　ج۔ علی ناصر زیدی　د۔ مولوی عبدالحق

(iii) جب آبدوز پانی کے اندر ہوتی ہے تو عملے کی زندگی دار و مدار کس پر ہوتا ہے؟
الف۔ پانی　ب۔ غذا　ج۔ برقی بیٹریوں　د۔ روشنی

(iv) مرزا غالبؔ نے اردو کے علاوہ کس زبان میں شاعری کی؟
الف۔ ہندی　ب۔ فارسی　ج۔ عربی　د۔ پنجابی

(v) لفظ '' اردو '' کے معنی کیا ہیں؟
الف۔ شہر　ب۔ گاؤں　ج۔ لشکر　د۔ قومی

(vi) کتاب سلیس اردو میں موجود '' حمد '' کے شاعر کا نام کیا ہے؟
الف۔ علّامہ اقبالؒ　ب۔ بے نظیر شاہ　ج۔ شوق قدوائی　د۔ عاصی کرنالی

(vii) یہ شعر کس شاعر کا ہے؟ ابنِ مریم ہوا کرے کوئی　میرے دکھ کی دوا کرے کوئی
الف۔ خواجہ میر دردؔ　ب۔ مرزا غالبؔ　ج۔ مولانا حسرتؔ موہانی　د۔ میر تقی میرؔ

(viii) نظم '' پھول کی فریاد '' کے شاعر کون ہیں؟
الف۔ نظیر اکبر آبادی　ب۔ ساقی جاوید　ج۔ بے نظیر شاہ　د۔ شوق قدوائی

(ix) 1914ء سے پہلے لیبیا میں کس کی حکومت تھی؟
الف۔ ترکی　ب۔ مصر　ج۔ شام　د۔ اٹلی

(x) اردو شاعری کے صوفی شاعر کون ہیں؟
الف۔ میر تقی میرؔ　ب۔ خواجہ میر دردؔ　ج۔ بہادر شاہ ظفرؔ　د۔ علّامہ اقبالؒ

---

برائے ممتحن:　کُل نمبر: 15　حاصل کردہ نمبر: [ ]



StudentBounty.com

StudentBounty.com

# اُردو سلیس ایس ایس سی-II

وقت: 2:40 گھنٹے — کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم: 60

## حصّہ دوم (کُل نمبر 37)

سوال نمبر۲: الف۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: (5x2=10)

(i) اسلام کے معنی کیا ہیں؟
(ii) تعصب کے نقصانات تحریر کریں۔
(iii) آتش بازی سے کیا نقصانات ہوتے ہیں؟
(iv) فاطمہ بنت عبداللہ نے کیا کارنامہ سرانجام دیا؟
(v) غالب کی خطوط نگاری کی سب سے بڑی صفت کیا ہے؟
(vi) آبدوز کشتی کس قسم کی کشتی کو کہتے ہیں؟
(vii) نظم '' پہاڑ اور گلہری '' میں پہاڑ نے گلہری سے کیا کہا؟

ب۔ مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے پانچ الفاظ و محاورات کو جملوں میں استعمال کیجیے: (5)

(i) زور ٹوٹنا (ii) دل توڑنا (iii) محروم رہنا (iv) چوٹ لگنا
(v) گرویدہ ہو جانا (vi) نکتہ چینی کرنا (vii) زندہ دل

ج۔ (i) درج شُدہ کے جمع بنائیں: وقت ، شاعر ، خیال (3)

(ii) درج شُدہ کے متضاد لکھیں: رات ، ادنیٰ ، دور (3)

(iii) درج شُدہ کے مترادف لکھیے: دکھ ، آرام ، باغ (3)

(iv) درج شُدہ کے اسم مکبّر لکھیں: نگری ، باغیچہ ، پہاڑی (3)

(v) درج شُدہ کا اسم صفت بنائیں: بہادر ، بے باک ، حکمران (3)

د۔ مندرجہ ذیل الفاظ میں سے مذکر اور مؤنث الگ الگ کیجیے: (4)

دولت ، حوصلہ ، ایمان ، محنت

ہ۔ نیچے دیے گئے الفاظ کو درست ترتیب دے کر بامعنی جملے بنائیے: (3)

(i) مکہ ۔ ہوئے ۔ ہمارے نبیؐ ۔ میں ۔ پیدا
(ii) ہمارا ۔ امانت ۔ وطن ۔ خدا ۔ ہے ۔ کی
(iii) قرآن مجید ۔ کتاب ۔ آخری ۔ اللہ ۔ کی ۔ ہے۔

StudentBounty.com

## حصّہ سوم (کُل نمبر 23)

**سوال نمبر۳:** سبق اور مصنف کے حوالے سے مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: **(1+5=6)**

الف۔ اسلام کا سب سے پہلا حکم یہ تھا کہ اللہ ایک ہے اس کی خدائی میں کوئی اس کا ساتھی اور ساجھی نہیں۔ زمین سے آسمان تک اسی ایک کی سلطنت ہے۔ سورج اسی کے حکم سے نکلتا اور ڈوبتا ہے۔ آسمان اس کے فرمان کے تابع اور زمین اس کے اشارے کی پابند ہے۔ پھل، پھول، درخت، اناج سب اسی کے اُگائے ہیں۔ دریا، پہاڑ، جنگل سب اسی نے بنائے ہیں۔ نہ اس کے کوئی اولاد ہے۔ نہ بیوی، نہ باپ ہے، نہ اس کے کوئی ہمسر و مقابل ہے۔

ب۔ اردو میں آج کل بہت سے انگریزی لفظ داخل ہوتے جاتے ہیں۔ لیکن اس سے زبان کی اصلیت اور ماہیت پر کچھ اثر نہیں پڑ سکتا۔ غرض یہ زبان مختلف حیثیتوں سے ایسی قبول صورت ہوگئی ہے کہ ترقی میں شبہ نہیں ہوسکتا۔ اس کی صفائی ، فصاحت اور صلاحیت اور ہندی، فارسی، عربی اور انگریزی کے مختلف مفید اثرات اس امر کا یقین دلاتے ہیں کہ وہ دنیا کی ہونہار زبانوں میں سے ہے اور ایشیا میں ایک روز اس کا ستارہ چمکے گا۔

**سوال نمبر۴:** شاعر اور نظم کا حوالہ دیتے ہوئے مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: **(1+5=6)**

الف۔
کیا خطا تھی میری، ظالم تو نے کیوں توڑا مجھے
کیوں نہ میری عمر ہی تک شاخ میں چھوڑا مجھے
جانتا گر اس ہنسی کے درد ناک انجام کو
میں ہوا کے گدگدانے سے نہ ہنستا نام کو

ب۔
گھٹا اودی سی کیا چھا گئی
بہار چمن رنگ پر آ گئی
پروں کو ادھر مور تولے ہوئے
گھٹائیں اُدھر بال کھولے ہوئے

**سوال نمبر۵:** شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے مندرجہ ذیل غزلیہ اجزاء میں سے کسی ایک کی تشریح کیجیے: **(1+5=6)**

الف۔
نہ سنو ، گر بُرا کہے کوئی
نہ کہو ، گر بُرا کرے کوئی
روک لو ، گر غلط چلے کوئی
بخش دو ، گر خطا کرے کوئی

ب۔
مرا جی ہے جب تک تری جستجو ہے
زباں جب تلک ہے، یہی گفتگو ہے
تمنا ہے تیری ، اگر ہے تمنا
تری آرزو ہے ، اگر آرزو ہے

**سوال نمبر۶:** درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیں: **(5)**

الف۔ پاک وطن، اے پاک وطن

ب۔ جاڑے کی بہاریں